1989ء سے مسلسل اشاعت
30 اگست تا 5 ستمبر 2024 | شمارہ نمبر 35 | جلد نمبر 36
ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف
پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ
MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 9001: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





BMG
بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





# CARBONLESS PAPER

**NCR, CFB ,CB ,CF ,SC**

Impressions Pindo 2000 is a premium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user.

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK

Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786

Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION

Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




VERITAC

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

**FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN**
**FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN**

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989 سے مسلسل اشاعت

weeklypaperbusiness.com

ہفت روزہ

بانی: محمد رؤف

# پیپر بزنس کراچی

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک

صفحات: 22 رنگین 14 عمومی

**چیف ایڈیٹر:**

محمد رؤف





**ایڈیٹوریل بورڈ:**

پبلشر وایگزیکٹوایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری



**چارجز: 100 روپے**

کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے

بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے

خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

ای میگزین 1500 روپے

**For Online Payments**

**Bank Makramah (BML)**

Paper Market Branch,Karachi

A/c-No:01025620311714112960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960

**United Bank Ltd (UBL)**

Stratchen Road Branch, Karachi

A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور،

ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا



رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229


weeklypaperbusiness@gmail.com


# اپیما انتخابات 2024-26: اعتراضات مسترد، ڈی جی ٹی او کے پاس درخواستیں

## ڈان پیپر مارٹ، ڈان کنورٹیک، نجم الرحمن، سجاد برادرز کے اعتراضات، احمد پیپر مارٹ نے اپنا اعتراض جعلی قرار دے دیا، انتخابات ڈی جی ٹی او کے 8 اگست 2024

## کی ہدایات کی روشنی میں ہو رہے ہیں، ڈی جی ٹی او کے حکم 22 دسمبر 2023 میں فیڈریشن کے انتخابات کے موقع پر اپیما کو فعال تسلیم کیا گیا ہے، الیکشن کمیشن

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے 5 سال بعد انتخابات کا اعلان ایک بار پھر قانونی پیچیدگیوں کی نظر ہوتا دکھائی دے رہا ہے جو پیپر مرچنٹس اپیما کو غیر فعال قرار دیتے رہے ہیں اور ایسوسی ایشن کے وجود کو ہی تسلیم نہیں کر رہے تھے انہوں نے ایک بار پھر سیکریٹری جنرل آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور الیکشن کمیشن آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سامنے اپنے اعتراضات داخل کرتے ہوئے کم از کم اس کے وجود کو تسلیم کر لیا۔ باوجود اس کے کہ وہ آج بھی یہی موقف رکھے ہوئے ہیں کہ ایسوسی ایشن غیر فعال ہے اور ڈی جی ٹی او ایڈمنسٹریٹر کا تقرر کر کے انتخابات کرائے۔ اس سلسلے میں اپیما کے 13 اگست کو جاری ہونے والے انتخابی پروگرام کے مطابق بدھ 21 اگست تک سیکریٹری جنرل کے پاس چھ اعتراضات داخل کئے گئے۔ جس میں ڈان پیپر مارٹ کی جانب سے فائق علی ولد شہزاد اقبال نے ڈان پیپر مارٹ کی نمائندگی کا دعویٰ کیا جو مسترد کر دیا گیا کیونکہ ڈان پیپر مارٹ شخصی کاروباری فرم تھی اور شہزاد اقبال کے انتقال کے بعد ختم ہو گئی ہے۔ دوسرا اعتراض احمد پیپر مارٹ لاہور کے سفیر احمد کی جانب سے دائر کیا گیا تھا جسے سفیر احمد نے جعلی قرار دیتے ہوئے اس سے لاتعلقی کا اعلان کیا اور کہا کہ وہ انتخابات کی بھرپور حمایت کرتے ہیں، تیسرا اعتراض سجاد برادرز لاہور ریاض احمد نے کیا تھا جو واپس لے لیا گیا جبکہ دوسرے سجاد برادرز کے فیاض احمد دستخط ایسوسی ایشن کے ریکارڈ کے مطابق نہیں تھے اور تصدیق نہ ہونے پر بھی اسے مسترد کر دیا گیا۔ نجم الرحمن (نجم امپیکس لاہور) اور عاصم اقبال (ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ) کے اعتراضات اس بنیاد پر مسترد کر دیئے گئے کہ انہوں نے گزشتہ کئی سالوں سے ایسوسی ایشن میں اپنی رکنیت کی تجدید نہیں کرائی ہے ان اعتراضات کنندگان نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ ایسوسی ایشن ڈی جی ٹی او کے احکامات کے تحت غیر فعال ہے اس کے باوجود عہدیداران انتخابات کے اعلان اور الیکشن کمیشن کے تقرر کا اختیار نہیں رکھتے ہیں لہٰذا یہ انتخابات غیر قانونی ہیں۔ انہی اعتراضات کے ساتھ تین درخواستیں نجم الرحمن اور ڈان کنورٹیک کی جانب سے ڈی جی ٹی او کو علیحدہ سے بھیجی گئی ہیں جس کی سماعت 2 ستمبر 2024 کو اسلام آباد میں ہوگی۔ سیکریٹری جنرل کے فیصلے کے خلاف اپیلیں پیر 26 اگست تک دائر کی گئیں اور الیکشن کمیشن نے ان اپیلوں کی سماعت 28 اگست 2024 کو کراچی میں کی جس میں چیئرمین الیکشن کمیشن اظہر حسین، ممبر غلام علی اور لاہور سے ممبر واجد بٹ کے علاوہ سیکریٹری جنرل اور ان کے وکلا بیرسٹر سعد صہیب وائیں اور غازی ایڈووکیٹ نے شرکت کی۔ جبکہ اپیل کنندگان کی جانب سے رضوان شبیر کیانی ایڈووکیٹ اور ڈان پیپر مارٹ کے نمائندے شریک ہوئے۔ الیکشن کمیشن نے سجاد برادرز کے فیاض احمد نے دستخط کی تصدیق کے لئے ان کا مختار نامہ طلب کیا جو انہوں نے کہا کہ بھیج دیں گے۔ ڈان پیپر مارٹ کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ فائق علی اس کے Successor ہیں تاہم ایسوسی ایشن کو کوئی ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا اور نہ ہی فائق علی کے نام کے ساتھ این ٹی این نمبر دیا گیا۔ الیکشن کمیشن کا موقف تھا کہ شخصی کاروبار مالک کے انتقال کے ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے اور اس کے ورثا کو نئی فرم بنانا ہوتی ہے اور اپنا این ٹی این لینا ہوتا ہے۔ ڈان کنورٹیک اور نجم امپیکس کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ مارچ 2024 میں ڈی جی ٹی او نے ایسوسی ایشن کو تجدید رکنیت کرنے سے روک دیا تھا اس لئے تجدید نہیں کرائی گئی واضح رہے کہ اپیما کی عبوری انتخابی فہرست جو 19 اگست کو جاری کی گئی ہے اس میں 800 سے زائد ممبران کی تجدید رکنیت ظاہر کی گئی ہے جو اس وقت اس کے ووٹرز ہیں۔ اس موقع پر الیکشن کمیشن نے اپیل کنندگان کی جانب سے انتخابات کے انعقاد پر اعتراضات پر کہا کہ یہ انتخابات ڈی جی ٹی او کے خط مورخہ 8 اگست 2024 کی روشنی میں کرائے جا رہے ہیں (جس کا عکس خبر کے ساتھ دیا گیا ہے) اور اس خط کے بعد ڈی جی ٹی او کے جاری کردہ تمام سابقہ احکامات سائیڈ ہو گئے ہیں جبکہ 22 دسمبر 2023 کو بھی ڈی جی ٹی او نے اپنے حکم 91/2023 کے تحت ایسوسی ایشن کو فعل تسلیم کرتے ہوئے فیڈریشن کے انتخابات میں اس کو ووٹ کا بھی حق دے دیا تھا اور اعتراضات مسترد کر دیئے گئے تھے۔ لہٰذا ایسوسی ایشن اپنی جگہ موجود ہے اور فعال ہے معلوم ہوا ہے کہ الیکشن کمیشن نے سیکریٹری جنرل کے فیصلوں کو برقرار رکھتے ہوئے تمام اپیلیں مسترد کر دی ہیں جس کے خلاف اگلی اپیل 30 اگست تک ڈی جی ٹی او کے پاس کی جا سکے گی جس کا فیصلہ 4 ستمبر 2024 کو ڈی جی ٹی او دے گا اور 6 ستمبر کو حتمی ووٹرز لسٹ جاری ہوگی۔ اب انتخابات کے اگلے مرحلے کا انحصار 4 ستمبر کے فیصلے پر ہے اس کے بعد کاغذات نامزدگی کا مرحلہ 6 ستمبر سے شروع ہوگا۔



Government of Pakistan
Ministry of Commerce
Directorate General of Trade Organizations
(Office of Regulator of Trade Organizations)
State Life Building No. 7th, 2nd Floor,
Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad
*****

DGTO

F. No: 12(01)/2024-TO — Islamabad, 8th August, 2024

Secretary General,
All Pakistan Paper Merchants Association (APPMA),
Room No. 302, 3rd Floor, Al Rasheed Centre,
Faiz Muhammad Fateh Ali Road,
Karachi.

Subject: NOTICE UNDER SECTION 14 (3) (d) OF TRADE ORGANIZATION ACT, 2013.

The undersigned is directed to refer to APPMA's letter No. APPMA/CS/24 (1759) dated 21-07-2024 on the subject noted above and to inform that Honorable Lahore High Court, Lahore in W.P No.66012/2019 titled Khamis Seed Vs FoP etc. dated 04-11-2019, ordered, **"subject to notice for aforesaid date, election shall remain held in abeyance, meanwhile"**. The order of the Honorable Lahore High Court, Lahore was for that specific term of election year not for the year 2024-26, hence, the statement of the APPMA for not holding the elections for year 2024-26 is not justified without any further court orders.

2. In view of above, All Pakistan Paper Merchants Association (APPMA) is directed to conduct its elections for the year 2024-26 in accordance with all relevant provisions of Trade Organizations Act, 2013 and Trade Organizations Rules, 2013, as there is no order of stay on election 2024-26 available in the record of DGTO Office.

3. This issues with the approval of Regulator (TOs).

(Salman [illegible])
Deputy Director
08/08/2024




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جماعتِ اسلامی اور تاجر تنظیموں کی ملک بھر میں ہڑتال



کراچی (پیپر بزنس نیوز) جماعت اسلامی نے پہل کرتے ہوئے مہنگائی، ٹیکسز اور بھاری بجلی بلوں کے خلاف 28 اگست کو جس ہڑتال کا اعلان کیا تھا اس میں بعد ازاں کراچی چیمبر سمیت ملک بھر کے تاجر بھی شامل ہو گئے اور 28 اگست کو ملک بھر میں تاجروں نے مکمل ہڑتال کی۔ کراچی کی پیپر مارکیٹ بھی بند رہی ۔بجلی کے بھاری بلوں، ٹیکسز اور مہنگائی کے خلاف ہڑتال کی گی۔ چھوٹے بڑے شہروں میں کاروبارِ زندگی معطل، اس کے عاوہ ملک کی مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے بھی ہڑتال کی حمایت کا اعلان کیا تھا۔ ملک کے سب سے بڑے شہر، معاشی حب کراچی میں تمام تاجر تنظیمیں ہڑتال میں شامل رہیں۔ تاجرو کا کہنا ہے کہ مسائل حل نہ ہوئے تو ہڑتال کا دورانیہ بڑھ سکتا ہے۔ اورنگی ٹاؤن، منگھو پیر خیرآباد، شیرشاہ اور نیو کراچی میں احتجاج کیا گیا، اورنگی ٹاؤن، منگھو پیر اور نارتھ ناظم آباد میں مظاہرین نے ٹائر جلا کر روڈ بلاک کر دی تھی۔ آل کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین حکیم شاہ نے کہا کہ تاجر دوست اسکیم واپس نہیں لی گئی تو تحریک آگے بڑھائیں گے۔ انہوں نے ہڑتال کامیاب بنانے پر تاجروں اور عوام کے شکریہ ادا کیا۔ آل سٹی تاجر اتحاد رجسٹرڈ و آل آئرن اسٹیل مرچنٹس ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے صدر حماد پونا والا نے کہا کہ ہڑتال ایف بی آر کے ناجائز ٹیکس، کے الیکٹرک کی اوور بلنگ اور لوڈ شیڈنگ کے خلاف کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے تمام چھوٹے بڑے تاجروں اور عوام نے مجبور ہو کر یہ اقدام اٹھایا ہے، تمام جائز مطالبات پورے کیے جائیں۔ صدر آل کراچی تاجر اتحاد عتیق میر کا کہنا ہے کہ یہ تاجروں کی نہیں شہریوں کی ہڑتال ، عام آدمی مہنگائی سے پریشان ہے۔ صدر انجمن تاجران سندھ، وقار میمن کے مطابق ٹنڈو الہٰ یار میں بجلی اور گیس کے بلوں میں اضافے کے بعد ملک بھر ہڑتال کی گئی ہے۔ سندھ کے شہر نواب شاہ میں تاجروں نے ہڑتال کی۔ وقار حمید میمن کا کہنا ہے کہ ماہانہ ٹیکس، وِد ہولڈنگ ٹیکس اور پروفیشنل ٹیکس کاروباری دشمن پالیسیاں ہیں۔ نواب شاہ کے چکرہ بازار، مارکیٹ روڈ، مسجد روڈ، لیاقت مارکیٹ سمیت شہر کے مرکزی تجارتی علاقے بند رہیں۔ ٹنڈو الہ یار میں بھی انجمن تاجران کی کال پر چھوٹے بڑے کاروباری مراکز بند رہے۔ تھرپارکر میں بھی جماعتِ اسلامی اور تاجر تنظیموں کی اپیل پر ضلع بھر میں ہڑتال رہی ۔دوسری جانب مٹھی، جیکب آباد، شکار پور، کندھ کوٹ، اسلام کوٹ، ٹھٹہ، سجاول، چمبڑ، ڈگری، شاہی بازار، شاہ بھٹائی بازار، بانو بازار، کپڑا مارکیٹ اور چھاچھرو میں بھی ہڑتال کے باعث کاروباری مراکز بند رہے۔ پاکستان کے شہرِ اقتدار اسلام آباد میں جماعت اسلامی کی بجلی کے بلوں میں ٹیکسز کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال پر اسلام آباد کے زیادہ تر تجارتی مراکز میں بھی کاروباری سرگرمیاں معطل رہیں۔ آبپارہ مارکیٹ مکمل طور پر بند رہی، بلیو ایریا میں بھی دکانیں بند اور کاروباری سرمیاں معطل رہیں۔ اسلام آباد کے علاقے جی سیون مرکز، جی نائن مرکز، آئی نائن اور آئی ٹین مرکز میں شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی۔ صوبہ پنجاب کے شہر راولپنڈی میں مارکیٹیں بند رہیں۔ دوسری جانب راولپنڈی میں آئل ٹینکر ایسوسی ایشن نے بھی ہڑتال کی حمایت کی۔ رحیم یار خان میں بھی ہڑتال کی کال پر عمل کیا گیا۔ گوجرانوالہ میں بھی تاجر تنظیموں کی کال پر شہر بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ گوجرانوالہ میں سیٹلائیٹ ٹاؤن، ماڈل ٹاون، اندرون بازار، صرافہ بازار سمیت کلاتھ مارکیٹ، اسٹیل مارکیٹ اور سینٹری مارکیٹ بھی مکمل طور پر بند رہی۔ ٹیکسلا شہر کے تمام چھوٹے بڑے بازاروں میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ ملکہ کوہسار مری سمیت دیگر شہروں راجن پور، پاکپتن، غلہ منڈی، چکوال، عارف والا، چھانگا مانگا، شیخوپورہ اور پتوکی میں بھی شٹر ڈاون ہڑتال کی گئی۔ گجرات میں بھی تاجروں کی ٹیکسوں اور تاجر دوست اسکیم کے خلاف ہڑتال کی گئی۔ گجرات میں لالہ موسیٰ، سرائے عالمگیر، کنجاہ، جلالپور جٹاں، کوٹلہ اور گردونواح کی مارکیٹیں اور کاروباری مراکز بند رہیں۔ فیصل آباد کے چوک گھنٹہ گھر پر جماعت اسلامی کے تاجروں کے احتجاج کے دوران کشیدگی دیکھنے میں آئی۔ تاجروں کے احتجاج میں بعض مخالفین گھس آئے اور ایک دوسرے کو دھکے دیے۔ بازار بند کرانے کے مخالف افراد کی جانب سے بازار کھلوانے کی کوشش کی گئی۔ بعد ازاں چوک گھنٹہ گھر میں کشیدگی کے باعث پولیس کی نفری طلب کر لی گئی۔ پشاور کی تاجر تنظیمیں بھی شٹر ڈاؤن ہڑتال میں شامل رہیں، تاجروں کی جانب سے مختلف بازار بند رکھے گئے ہیں۔ اسی طرح چارسدہ میں بھی جماعت اسلامی اور تاجر تنظیموں کی کال پر ٹیکسز کے نفاذ اور مہنگائی کے خلاف ہڑتال کی گئی۔ بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ سمیت مرکزی انجمن تاجران پاکستان کی کال پر تربت شہر میں بھی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جا رہی ہے۔ کوئٹہ اور تربت میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کے باعث دکانیں اور کاروباری مراکز بند رہے۔ کوئٹہ میں شٹر ڈاون ہڑتال تاجروں پر ٹیکسوں کے نفاذ اور بجلی کے بھاری بلوں کے خلاف کی جا رہی ہے۔ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان نے ٹیکسز کے نفاذ اور بجلی کے بلوں کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا۔ رہنما مرکزی انجمن تاجران نے کہا کہ آج بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جا رہی ہے، بجلی کے بھاری بلز اور ناجائز ٹیکس کسی طور قابل قبول نہیں۔ ملک بھر کی طرح لاہور میں بھی مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی اور مختلف تاجر تنظیموں کی اپیل پر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ اس موقع پر لاہور کی تاجر تنظیمیں 2 دھڑوں میں بٹ گئیں، تاجروں کا ایک گروپ ہڑتال کا حامی جبکہ دوسرا مخالف تھا۔ لاہور کی بیشتر مارکیٹیں اور تاجر تنظیمیں شٹر ڈاؤن ہڑتال میں شامل تھیں جبکہ حکومتی حمایت یافتہ تاجر تنظیمیں ہڑتال کی مخالف تھیں۔ ہڑتال مخالف تنظیموں میں انجمن تاجران نعیم میر گروپ شامل ہے ۔ ہڑتال کی حمایت میں مجاہد مقصود بٹ، اشرف بھٹی گروپ اور خالد پرویز گروپ شامل تھا۔ واضح رہے کہ بجلی کے بھاری بھرکم بلوں اور ٹیکسوں کے نفاذ کے خلاف تاجر تنظیموں نے 28 اگست کو ملک گیر ہڑتال کا اعلان کیا تھا۔


**A.A.Services**

کلر پیپر و کارڈ دستیاب ہیں

نصر اللہ خان

0332-3274302

ایم معاذ خان

0349-5115915-0318-1384046

**M.Younus & Co**

Available Local Paper & Board, Crown Paper, Local File Card.

0321-8209429

0322-2901205

**امین ٹریڈرز**

ہر قسم کا لوکل پیپر دستیاب ہے

عبدالحمید: 0321-9218410

عرفان: 0335-0138810

شاپ: 0308-3383233





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پی او ایس سسٹم میں لازمی شامل ہونے والے کاروبار کی فہرست جاری

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) ایف بی آر نے ایس آر او نمبر 428(1)2024، 22 مارچ 2024 کو جاری کیا ہے جس میں انکم ٹیکس کے مجوزہ قوانین 2024 میں تبدیلی کے حوالے سے ضروری وضاحت کی گئی ہے ایس آر او کے مطابق مندرجہ ذیل کاروبار کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے آپ کو پی او ایس سسٹم کے تحت رجسٹرڈ کروائیں۔

1۔ایسے تمام ریسٹورنٹس جن میں ایئر کنڈیشنڈ کی سہولت فراہم کی گئی۔

2۔ایسے تمام ہوٹل، موٹل، گیسٹ ہاؤس، میرج ہال، مارکی، کلب، بمعہ ریس کلب جن میں ایئر کنڈیشنڈ کی سہولت مہیا کی گئی ہو۔

3۔ایسے تمام افراد جو کہ ایک شہر سے دوسرے شہر ایئر کنڈیشن سفری سہولت فراہم کر رہے ہوں اور ان کے پاس 5 سے زائد گاڑیاں ہوں۔

4۔تمام تر کوریئر اور کارگو سروس مہیا کرنے والے۔

5۔بیوٹی پارلر، کلینکس، سلمنگ سنٹر، مساج سنٹر، پیڈی کیور سینٹر جن میں ایئر کنڈیشنڈ کی سہولت فراہم کی گئی ہو۔

6۔تمام تر طبی سہولیات فراہم کرنے والے بمعہ ہیئر ٹرانسپلانٹ سرجنز، پلاسٹک سرجنز، فزیوتھراپسٹس، ڈینٹسٹ، ویٹیرینری ڈاکٹر۔

7۔پیتھالوجی لیبارٹری، تشخیصی لیبارٹری، سی ٹی اسکین، ایکسرے اور ایم آئی آر وغیرہ کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

8۔ہیلتھ کلب، جیم، جسمانی فٹنس سنٹر، سوئمنگ پول اور ایسے کلب جو کہ مختلف سہولیات فراہم کرتے ہیں جیسا کہ لاہور، اسلام آباد، کراچی، جم خانہ کلب، چناب کلب، رائل پام لاہور کلب، پولو کلب وغیرہ جو کہ سولینز یا تان سولینز چلا رہے ہوں۔

9۔ایسے فوٹو گرافر، ویڈیو گرافر یا ایونٹ مینجر جو کہ فنکشن کے 50,000/- روپے سے زائد وصول کر رہے ہوں۔

10۔چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ اور کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹ۔

11۔بیرون ملک کرنسی کا کام کرنے والے ڈیلر یا کمپنی۔

12۔ایسے پرائیویٹ اسکول، کالج، یونیورسٹی ووکیشنل و پروفیشنل ٹریننگ ادارے جن کی ماہانہ فیس 1,000/ سے زیادہ ہو۔

13۔ریٹیلر بمعہ مینوفیکچر کم ریٹیلر، ہول سیلر کم ریٹیلر، امپورٹرز کم ریٹیلرز اور ایسے تمام افراد جو کسی بھی دوسرے کاروبار کے ساتھ ساتھ ریٹیلر بھی ہوں۔

اوپر دیئے گئے تمام کاروباری حضرات پاکستانی ہونے کا ثبوت دیں اور کسی بھی قانونی کاروائی سے بچنے کیلئے جلد از جلد اپنے آپ کو POS میں رجسٹرڈ کروائیں۔

## تاجر دوست اسکیم کسی صورت واپس نہیں لی جائے گی، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے تاجر دوست اسکیم برقرار رکھنے اور قابل ٹیکس آمدنی رکھنے والے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) راشد محمود لنگڑیال کا کہنا ہے کہ تاجر دوست اسکیم کسی صورت واپس نہیں لی جائے گی اور تاجر دوست اسکیم کو تاجروں کے تعاون سے ہی نافذ کیا جائے گا۔ چیئرمین ایف بی آر کا کہنا تھا کہ تاجروں کے تمام جائز مطالبات پورے کیے جائیں گے اور اس کے علاوہ مارکیٹ ریٹ پر نظر ثانی بھی ہوسکتی ہے، چھوٹی دکانوں پر غیر ضروری بوجھ نہیں ڈالا جائے گا۔ چیئرمین ایف بی آر کا مزید کہنا تھا کہ ایڈوانس انکم ٹیکس کا صاف وشفاف طریقہ کار بنایا جائے گا۔

## ڈی جی ٹی او نے صدر لاہور چیمبر کیخلاف بدنیتی کی دائر اپیل خارج کردی

لاہور (نیوز ڈیسک) ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز نے لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور کے خلاف بدنیتی کی بنا پر دائر کردہ اپیل خارج کرتے ہوئے لاہور چیمبر کے صدر کی ممبرشپ کو درست اور قانونی قرار دیا ہے جس پر تاجر برادری نے اسے قانون اور حق کی فتح قرار دیا ہے۔ تاجروں نے لاہور چیمبر اور اسکے صدر کی ساکھ کو متاثر کرنے کی شدید مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اپیل کنندہ کیخلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے۔ اپیل کنندہ نے درخواست میں موقف اپنا کہ صدر لاہور چیمبر کاشف انور کا نام ووٹرز لسٹ سے خارج کیا جائے۔ ڈی جی ٹی او نے دلائل سننے کے بعد اپیل کنندہ کی اپیل خارج کرتے ہوئے فیصلہ دیا کہ کاشف انور اپنی کمپنی میں قانونی پارٹنر اور لاہور چیمبر کے قانونی ووٹر ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ریکارڈ کے مطابق لاہور چیمبر کے صدر کی کمپنی ایک ایکٹو ٹیکس دہندہ فرم ہے اور اس کے پاس تمام قانونی دستاویزات موجود ہیں۔



لاہور چیمبر اور اپیما کا مشترکہ وفد فرینکفرٹ جرمنی میں ہونے والے بک فیئر میں شرکت کرے گا اس سلسلے میں خامس سعید کی صدارت میں دفتر اپیما میں بک فیئر میں شرکت کے خواہشمند ممبران کا اجلاس ہو رہا ہے


آصف برادرز

ہر قسم کے لفافے، پیپر بیگز، آفسیٹ اور کرافٹ پیپر (ریل اور شیٹ میں)

فوٹو اسٹیٹ پیپر دستیاب ہیں

فون: 0300-2358445

NAJMI PAPER & BOARD

(بڑے فخرو بھائی فائل والے)

Deals in: LOCAL COLOR FILE CARD, LOCAL PAPER, IVORY CARD, KRAFT CARD, CREAM OFFSET PAPER

CONTACT:
03343588430(WHATSAPP)
03242314606

حسن امپیکس

ہر قسم کا پیپر و پیپر بورڈ دستیاب ہے

فون: 021-32217782

حسن محبوب: 0323-2577736





یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر جا ئنا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

A QUALITY PRODUCT BY

APP

金东纸业
GOLD EAST PAPER

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

- Premium Quality
- High Brightness
- Two Sides Copying
- Fast Ink Absorption By TRUTONE Technology
- High Efficiency

博汇 Bohui

博汇纸业
BOHUI PAPER

A4 70 g/m² 500 sheet

A4 80 g/m² 500 sheet




70اور 80 گرام میں اعلیٰ معیار کا A4 سائز پیپر
چائنا سے درآمد شدہ مارکیٹ میں دستیاب ہے

FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
Brands

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleemibm@cyber.net.pk,
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# آرٹ کارڈ و پیپر، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، بلیچ بورڈ میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 28اگست 2024 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ریئل کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ نیو یا بٹ کوٹڈ پیپر، آرٹ کارڈ پنڈو اور ننگبو اسٹار، اسٹیکر پیپر کانٹیک، یونگی، سپر ٹیک، پاورٹیک اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں ریکارڈ کی گئی۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز کی قیمتوں میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

## تھوک نرخ Whole Sale

### آرٹ کارڈ

پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز پنڈو ڈیلی تمام سائز 310، 300، 260، 250، 210، 200، 190اور 350 گرام، 390روپے سے کم ہو کر 380روپے فی کلو ہوگیا ہے۔

### آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا

آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300اور 350 گرام، 380روپے سے کم ہو کر 375روپے فی کلو ہوگیا ہے۔

### آرٹ پیپر

نیو یا بٹ کوٹڈ پیپر چائنا تمام سائز 70 گرام، 400روپے سے کم ہو کر 400روپے فی کلو ہوگیا ہے۔

### بلیچ بورڈ امپورٹڈ :

بلیچ بورڈ ریئل شیٹس تمام سائز تمام گرام 302روپے سے بڑھ کر 305روپے فی کلو ہوگیا ہے۔

### آفسیٹ پیپر امپورٹڈ :

آفسیٹ پیپر آئی کے 035انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 400روپے سے کم ہو کر 385روپے فی کلو ہوگیا ہے۔

### فوٹو کاپی پیپر:

پی پی سی براؤن 70 گرام، 910روپے سے کم ہو کر 905روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1080روپے سے کم ہو کر 1060روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 908، روپے سے کم ہو کر 905روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1060روپے سے کم ہو کر 1050روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

### اسٹیکرز :

کانٹیک 20x30 سائز 3950روپے سے کم ہو کر 3900روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 3950روپے سے کم ہو کر 3900روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 3950روپے سے کم ہو کر 3900روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپر ٹیک 20x30 سائز، 3950روپے سے کم ہو کر 3900روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

تفصیلی پرائز سروے اندرونی صفحات پر ملاحظہ کیجئے۔

# چینی کرنسی امریکی ڈالر کے لیے خطرہ بنتی جا رہی ہے

بیجنگ (انٹرنیشنل بزنس ڈیسک) چینی کرنسی مسلسل 9ماہ تک عالمی ادائیگیوں میں چوتھی سب سے زیادہ فعال کرنسی رہی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سوسائٹی فار ورلڈ وائڈ انٹر بینک فنانشل ٹیلی کمیونیکیشن (سوئفٹ) کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق یہ مسلسل نواں مہینہ ہے جب آر ایم بی نے دنیا کی چوتھی سب سے زیادہ فعال کرنسی کے طور پر اپنی پوزیشن کو برقرار رکھا ہے۔ جولائی 2024ء میں آر ایم بی نے رقم کے اعداد و شمار کی بنیاد پر عالمی ادائیگی کی کرنسیوں کی درجہ بندی میں دنیا کی چوتھی سب سے زیادہ فعال کرنسی کے طور پر اپنی پوزیشن برقرار رہے، جس کا تناسب 4.74فیصد رہا۔ جون 2024ء کے مقابلے میں آر ایم بی ادائیگیوں کی رقم میں مجموعی طور پر 13.37فیصد کا اضافہ ہوا۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں امریکی ڈالر، یورو اور برطانوی پاؤنڈ بالترتیب 47.81فیصد، 22.47فیصد اور 7.00فیصد کے ساتھ رقم کی ادائیگی کی درجہ بندی میں بڑی کرنسیوں میں تین سرفہرست کرنسیاں تھیں۔ جولائی میں سرحد پار تجارتی فنانس کے کاروبار میں آر ایم بی کا حصہ 6فیصد تک پہنچا جو یورو کے 5.83فیصد کو پیچھے چھوڑ کر ڈالر کے بعد دوسرے نمبر پر رہا۔ جون کے آخر میں پیپلز بینک آف چائنا اور اور سینز مانیٹری اتھارٹیز کے درمیان دستخط شدہ دو طرفہ مقامی کرنسی کے تبادلے کے معاہدے کے تحت غیر ملکی مالیاتی حکام کی جانب سے استعمال ہونے والی آر ایم بی کا بیلنس 104.5ارب یو آن تھا اور پیپلز بینک آف چائنا کی جانب سے استعمال کی جانے والی غیر ملکی کرنسی کا حجم 481ملین امریکی ڈالر کے برابر تھا جس نے دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے میں مثبت کردار ادا کیا۔

# ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں استحکام

کراچی (بزنس ڈیسک) بدھ 28اگست کو انٹر بینک مارکیٹ میں کاروبار کے ابتدائی گھنٹوں کے دوران امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں 0.01فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ صبح 10بج کر 20منٹ پر کرنسی 278.35روپے پر ٹریڈ کر رہی تھی جو ڈالر کے مقابلے میں 0.03روپے کی کمی ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے مطابق منگل 27اگست کو ڈالر کے مقابلے میں روپیہ 278.32پر بند ہوا تھا۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Kantak Sticker Cream Offset Japan
105-Gsm
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# یونیورسٹی آف گجرات کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UOG/DP/2024-25/CON/02
کمپیوٹر پیپر، A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 2500 ریم۔
فوٹو کاپی پیپر، A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 2500 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر پرچیز آفس، ایڈمن بلاک، حافظ حیات کیمپس، گجرات۔
فون: 053-3643112 EXT:117-195

# پنجاب فورینسک سائنس ایجنسی کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: FSA-490
پیپر A4 سائز، 80 گرام، ڈبل اے برانڈ،
تعداد: 1999 ریم۔
پیپر لیگل سائز، 80 گرام، ڈبل اے برانڈ، تعداد: 96 ریم۔
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر جنرل آفس، ہیڈ آفس، ٹھوکر نیاز بیگ، ملتان روڈ، لاہور۔
فون: 042-37840007

# حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کا پرنٹنگ و پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 074/2024
پرنٹنگ، ایم آر فارم (جنرل) تعداد: 960000 شیٹس
پرنٹنگ، بل فارم (جنرل) A5 سائز،
تعداد: 13,920,000 شیٹس
پرنٹنگ، بل فارم (جنرل) A5-DCN سائز،
تعداد: 2,6,40,000 شیٹس
پرنٹنگ، بل فارم (ایم ڈی آئی)، تعداد: 720,000 شیٹس
ٹینڈر حوالہ نمبر: 075/2024
پارٹ ون، پلین کنٹی نیوس پیپر، سائز 15x11،
تعداد: 6240000 شیٹس۔
پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 96000 شیٹس۔
ٹینڈرز کلوزنگ کی تاریخ: 19 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: کمرہ نمبر 237 دوسری منزل، دفتر منیجر (میٹریل منیجمنٹ) حیسکو، واپڈا آفسز کمپلیکس، حسین آباد، حیدرآباد۔
فون: 0333-3700042

# کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی لاہور کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01-25
ہسٹری بک کی پرنٹنگ، تعداد: 500 کاپی۔




ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، لاہور۔
فون: 042-99211145-54

# TEVTA لاہور کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: TEVTA/SEC/PC/02/2024-25
سالانہ رپورٹ کی پرنٹنگ، تعداد: 600 کاپی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: اے ڈی جی پروکیورمنٹ آفس، پروکیورمنٹ ونگ، ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی، H-96، گلبرگ-2، لاہور۔
فون: 042-99263055-59 EXT:310-413

# اربن یونٹ لاہور کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UU/2024-25/07
ایٹلاس بک کی پرنٹنگ، تعداد: 500 کاپی۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر (آفس)، 503- شاہین کمپلیکس، ایگرٹن روڈ، لاہور۔
فون: 042-99205316-22

# پاکستان پوسٹ لاہور کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس آفیسر (بجٹ)، دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل، پنجاب سرکل، لاہور۔
فون: 042-99210714

# نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو لاہور کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 1/3901/2024-25
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 9 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: جنرل سیکشن، نیب کمپلیکس، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور۔
فون: 042-99232621

# NUMS یونیورسٹی راولپنڈی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: پروکیورنٹ ڈائریکٹوریٹ، پی ڈبلیو ڈی پولیس فاؤنڈیشن، مکان نمبر 733-B-بلاک، اسٹریٹ نمبر 5، اسلام آباد۔
فون: 051-5170364

# ثانوی تعلیمی بورڈ ملتان کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

وائٹ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز، 80 گرام،
تعداد: 2000 ریم۔
وائٹ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز، 70 گرام،
تعداد: 12000 ریم۔
وائٹ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز، 80 گرام،
تعداد: 8000 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 ستمبر 2024
کورٹ شیٹس کی پرنٹنگ، 100 گرام، امپورٹڈ آفسیٹ پیپر، A3 سائز، سنگل کلر پرنٹنگ، تعداد: 45,000,00 شیٹ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: اسٹور برانچ، ملتان۔
فون: 061-9210032 / 0300-7312565

# پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PEF/PROC/M&E/2024-25/04
NCR، سہ رخی (Tripllicate) فارم بک لیٹس کی پرنٹنگ، 52 گرام امپورٹڈ NCR پیپر، A4 سائز، ون کلر پرنٹنگ، فی بک لیٹ 50 فارم۔
بک لیٹ برائے Digimon، تعداد: 300
بک لیٹ برائے Indicators، تعداد: 300
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ) آفس، L-52، گلبرگ-3، نزد کلمہ چوک، لاہور۔
فون: 042-99232791

# ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 06/LOG/NHMP/RB/2024-25
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 ستمبر 2024ء
برائے رابطہ: سینٹرل پولیس آفس، ماؤ ایریا، G11/1، اسلام آباد۔
فون: 051-9320278


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کے سی سی آئی کی 30 نشستوں کے انتخابات، 108 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی داخل

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے 21 ستمبر 2024 کو آئندہ دو سال کیلئے ہونے والے مینیجنگ کمیٹی کی 30 نشستوں کے انتخابات کیلئے 108 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرادیئے۔ کراچی چیمبر میں برسراقتدار بزنس مین گروپ (بی ایم جی) نے برسراقتدار ہونے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے سیریل نمبر ایک سے 30 اپنے امیدواروں کیلئے مختص کرلئے جبکہ بی ایم جی کے مدمقابل الیکشن میں حصہ لینے والے کراچی بزنس مین الائنس نے دعویٰ کیا ہے کہ الائنس کے 9 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی بغیر کوئی وجہ بتائے مسترد کردیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق وزارت تجارت کے ماتحت ادارے ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈی جی ٹی او) نے پولنگ کیلئے الیکٹرونک ووٹنگ مشین کے استعمال سے روک دیا ہے جبکہ سیکیورٹی ڈپازٹ فیس بھی 15 ہزار سے زیادہ نہ لینے کا پابند کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ چیمبر آف کامرس نے سیکیورٹی ڈپازٹ فیس 1 لاکھ روپے کردی تھی۔ بزنس مین الائنس نے الیکٹرونک ووٹنگ پر تحفظات کا اظہار کیا تھا، بزنس مین الائنس نے ڈی جی ٹی او کے فیصلے کو خوش آئند قرار ددیا، تاہم بزنس مین الائنس کے رہنما شرجیل گوپلانی کا کہنا تھا کہ کراچی چیمبر کے متنازعہ الیکشن کمیشن نے ڈی جی ٹی کا حکم ماننے سے انکار کرتے ہوئے امیدواروں سے ایک لاکھ روپے ڈپازٹ کا پے آرڈر وصول کیا ہے۔ دوسری جانب کراچی کی بزنس کمیونٹی کے سب سے بڑے رہنما اور بزنس مین گروپ کے مرحوم قائد سراج قاسم تیلی کے ساتھ 1997 سے قدم ملا کر جدوجہد کرنے والے پنجاب تاجر کمیونٹی کے لیڈر اور سابق صدر کے سی سی آئی ہارون فاروقی نے بزنس مین گروپ سے راہیں جدا کرلی ہیں، اس حوالے سے ہارون فاروقی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ جلد ہی میں حقائق سامنے لاؤنگا، ہم تمام 30 نشستوں پر امیدوار نامزد کررہے ہیں اور اب کراچی چیمبر میں جابرانہ فیصلے نہیں ہونگے کیونکہ کراچی کی بزنس کمیونٹی کراچی چیمبر کے ڈکٹیٹر سے عاجز آچکی ہے۔ علاوہ ازیں کراچی چیمبر آف کامرس کے انتخابات میں برسراقتدار گروپ کی من مانیوں اور خلاف ضابطہ کاروائیوں پر کراچی بزنس مین الائنس نے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کو مراسلہ بھی تحریر کردیا ہے جس میں انہوں نے وزیر تجارت سے کراچی چیمبر آف کامرس کے انتخابات میں خلاف ضابطہ اقدامات کا نوٹس لینے اور روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ کراچی بزنس مین الائنس نے چیئرمین ٹڈاپ زبیر موتی والا کی کراچی چیمبر الیکشن سرگرمیوں میں شریک ہونے پر تحفظات کا اظہار کیا اور چیئرمین ٹڈاپ کو کراچی چیمبر الیکشن کی انتخابی سرگرمیوں میں شامل ہونے سے روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ الائنس نے سیکرٹری جنرل کراچی چیمبر اور الیکشن کمیشن کی جانب سے ڈی جی ٹی او احکامات کی خلاف ورزی کا نوٹس لینے کا بھی مطالبہ کیا اور کہا ہے کہ ڈی جی ٹی او سے درخواست کی گئی ہے کہ کراچی چیمبر آف کامرس کے انتخابات کی کڑی نگرانی کی جائے جبکہ کراچی بزنس مین الائنس نے چیمبر انتخابات میں لیول پلاینگ فیلڈ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ علاوہ ازیں بزنس مین الائنس نے کراچی چیمبر انتخابات میں کارپوریٹ کلاس اور ایسوسی ایٹس کلاس ورٹرز لسٹ علیحدہ کرنے کے ڈی جی ٹی او کے واضح احکامات کے باوجود خلاف ورزی کرنے کا نوٹس لینے کا مطالبہ بھی کردیا ہے۔ کراچی چیمبر کے انتخابات میں برسراقتدار بی ایم جی گروپ نے مینیجنگ کمیٹی کے امیدواروں میں متوقع صدارتی امیدوار جاوید بلوانی، ضیاء العارفین، فیصل خلیل احمد، سراج قاسم تیلی کرحوم کے صاحبزادے نصیر سراج تیلی، ایم ریحان حنیف، محمد رضا، محمد حنیف پوچی، فیض احمد، ابوبکر صدیقی احمد شمسی، نوشیروان حیدر، منیر احمد باری، علی طاہر دادا، فیصل انیس مجید، جنید محمود، محمد فرحان اشرفی، محمد حمزہ ناصر، شوال علی ملک، محمد عارف لاکھانی، بیرسٹر یوسف جنید ماکڈا اور دیگر امیدوار شامل ہیں جبکہ کراچی بزنس مین الائنس کے امیدواروں سمیت جن دیگر امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے ہیں ان میں محمد شرجیل گوپلانی، محمد اسماعیل لائلپوریہ، جاوید شمس، محمد یامین میمن، نوید بلو، محمد احمد، شیراز احمد صدیقی، صغیر احمد قریشی، رانا زاہد فاروق، محمود الحسن اعوان، یونس بشیر، جاوید احمد وہرہ، عدنان احمد شیخ، شعیب احمد فریدی، محمد علی لاکھانی اور دیگر امیدو شامل ہیں۔ بزنس مین گروپ کے چیئرمین اور ٹڈاپ کے چیف ایگزیکٹو زبیر موتی والا اور انکے گروپ کے دیگر رہنما الیکشن میں مدمقابل ایک مضبوط گروپ کے آنے سے پریشان ہوگئے ہیں اسی لئے انہوں نے سراج قاسم تیلی کے حامی ووٹرز کے ووٹ حاصل کرنے کیلئے انکے صاحبزادے کو بھی الیکشن کا حصہ بنالیا ہے۔

## وفاقی وزیر تجارت سے کراچی چیمبر کے انتخابات میں خلاف ضابطہ اقدامات کا نوٹس لینے کا مطالبہ

